شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16 دسمبر 2022

پریس ریلیز

سقوطِ ڈھاکہ نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر نہ دینے کا نتیجہ تھا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): سقوطِ ڈھاکہ نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر نہ دینے کا نتیجہ تھا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ 16 دسمبر کو یوم سیاہ قرار دینے، ایک دوسرے کو پاکستان کو دولخت کرنے کا الزام دینے اور خود کو اس سانحہ سے بری الذمہ قرار دینے سے موجودہ پاکستان کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اگرآزادی ملنے کے فوراً بعد اِسلام کا عادلانہ نظام حقیقی معنوں میں نافذ ہو جاتا تو پاکستان نہ صرف دولخت نہ ہوتا بلکہ خطے کا انتہائی مضبوط اور مستحکم ملک بن کر ابھرتا اور جغرافیائی فاصلے کے باوجود ملک کے دونوں حصے ایک دوسرے کی تقویت اور استحکام کا باعث بنتے۔ در حقیقت سانحہ ڈھاکہ کی فوری وجہ یہ بھی تھی کہ عوامی رائے، عوامی مینڈیٹ اور عوامی فیصلے کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا گیا۔ اُنھوں نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم پارلیمانی جمہوریت، صدارتی نظام اور مارشل لاء آزما چکے ہیں لیکن پاکستان کے حالات نہ صرف سدھر نہ سکے بلکہ اُن میں مزید بگاڑ پیدا ہو گیا۔ لہٰذا صرف ایمان ہی نہیں زمینی حقائق بھی اس بات پر شاہد ہیں کہ پاکستان کی بقا اور سلامتی کے لیے اسلامی نظام کا قیام ناگزیر ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم وہ خوش قسمت قوم ہیں جس کی دنیا اور آخرت دونوں کی کامیابی اسلام سے جڑی ہوئی ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 09 December 2022

"The Fall of Dhaka befell due to our failure to practically implement the Ideology of Pakistan."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The Fall of Dhaka befell due to our failure to practically implement the Ideology of Pakistan."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab e Jumu'ah at Qur'an Academy Lahore. He noted that remembering and observing 16 December as a "Black Day', blaming each other for the break-up of Pakistan into two parts and asserting innocence with regards to the tragedy would not help whatsoever in resolving the problems being faced by the 'present' Pakistan. Had the genuine Islamic system been practically implemented immediately after independence in 1947, Pakistan would not have been split into two, but instead it would have sprouted and matured as an extremely strong and stable country of the region, and despite the geographical distance between them, both parts of the country would have been a source of stability and harmony for each other. The fact is that one of the immediate reasons for the Fall of Dhaka was that the will, mandate and decision of the masses was rejected. He said that we have tried parliamentary democracy, presidential system and martial law, yet the circumstances of Pakistan have not improved, rather increasingly deteriorated consistently. Therefore, he observed, whether we use the wealth of faith or logical reasoning, we inevitably reach the conclusion, without fail, that in order to ensure the survival and security of Pakistan, it is imperative for us to enforce the genuine Islamic system in our country. The Ameer concluded by affirming that we are such a fortunate nation that our success in this world and in the Hereafter is knotted to a single factor – Islam!

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan